★★★ آب ہر نئی صبح کا سورج طلوع ہوگا نوید پاکستان کے ساتھ ★★★
راولپنڈی، اسلام آباد، ملتان، کراچی، فیصل آباد، جہلم، گجرات، اوکاڑہ، بہاولنگر، چشتیاں، ہارون آباد اور قصور میں سرکولیشن جاری ہے
ABC CERTIFIED
DAILY NAVEED E PAKISTAN LAHORE
چیف ایڈیٹر، رانا خلیل ضمیر
روزنامہ نویدِ پاکستان
لاہور بہاولنگر
سب ایڈیٹر: مظہر حیات | گروپ ایڈیٹر: شہباز انجم رانا | مینجنگ ایڈیٹر: چوہدری وقاص علی
جلد نمبر 31 | جمعۃ المبارک 22 اگست 2025ء، 27 صفر المظفر 1447ھ | صفحات 4، قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 139

سرگودھا میں وفاقی محتسب کی کھلی کچہری کا انعقاد

وفاقی اداروں کے خلاف 26 نئی شکایات وصول، فوری انصاف کی یقین دہانی

سرگودہا(رپورٹ طاہر اشرف) سرگودہا وفاقی محتسب سیکرٹریٹ ریجنل آفس سرگودھا وفاقی محتسب اعلیٰ جناب اعجاز احمد قریشی صاحب کی ہدایت پر وفاقی محتسب سیکرٹریٹ سرگودھا کے ریجنل ہیڈ جناب خواجہ سیف الرحمان صاحب نے آج ایکسین فیسکو آفس میانوالی میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا جس میں وفاقی اداروں کے خلاف شکایات کی سماعت کی گئی۔ وفاقی اداروں کی بدانتظامی کے خلاف 26 سے زیادہ شکایات کنندگان کی ، بجلی، پوسٹل لائف انشورنس کمپنی، نادرا، پاکستان بیت المال بیشنل بنک، پاسپورٹ آفس ، پاکستان بینوویلنٹ فنڈ، ای او بی آئی اور چشمہ واپڈا پروجیکٹ کے خلاف شکایات پیش کیں۔ موقع پر ان کی جائز شکایات کا ازالہ کیا گیا جبکہ 26 نئی شکایات وصول کیں ۔ جن وفاقی اداروں کے خلاف شکایات کا فیصلہ ہوا ان کو موقع پر ازالہ کرنے کی ہدایات جاری کی گی انہوں نے کھلی کچہری میں موجود افراد کو آگاہ کیا کہ وہ وفاقی اداروں میں بدانتظامی کے خلاف صرف سادہ کاغذ پر اپنی شکایت تحریر کریں۔ اس کے ساتھ اپنی شناختی کارڈ کی کاپی لگائیں، اپنا موبائل نمبر لکھیں اور اس کو وفاقی نسب کی ویب سائیٹ پر یا وٹس ایپ پر یا ای میل کے ذریعے یا مروجہ ڈاک کے ذریعہ وفاقی محتسب کے ریجنل آفس سرگودھا بھیج دیں انہوں نے کہا کہ صرف اس بات کا خیال رکھا جائے کہ آپ نے اپنے معاملہ کے حل کیلئے کسی عدالت میں رجوع نہ کیا ہو اور یہ کہ آپ کا معاملہ زیر سماعت نہیں ہے۔ اس کے علاوہ وزرات دفاع یا ملکی خارجہ امور کے متعلق نہ ہو۔ انہوں نے بتایا کہ آپ کی شکایت پر 30 دن کے اندر فیصلہ کر دیا جاتا ہے۔ انہوں نے میانوالی کی عوام کو آگاہ کیا کہ وہ وفاقی محتسب کی خدمات سے بھرپور فائدہ اٹھائیں اور فوری اور سستے انصاف کے لیے حکومت کی اس سہولت سے فائدہ اٹھائیں۔